زندگی کا مرقع نہیں بلکہ اس میں آخری دور امویہ اور ابتداء خلافت عباسیہ کی تاریخ اور اس عہد کی متعدد نامور شخصیتوں کے حالات و سوانح اور عام معاشرتی و سیاسی احوال و کوائف کا بھی قدرے مفصل تذکرہ آگیا ہے بہرحال یہ کتاب بہت معلومات افزا دلچسپ عبرت انگیز و مفید ہے اور اس لائق ہے کہ ہر مسلمان اور ہر صاحب ذوق اس کا مطالعہ کرے۔

احکام القرآن | از جناب محمد ثناء اللہ صاحب بی۔ اے تقطیع کلاں ضخامت ۲۰۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت دو روپے۔ پتہ:۔ مکتبۂ تعلیمات اسلام لکھنؤ

اس کتاب میں عقائد۔ عبادات۔ اخلاق اور معاشرت و معاملات کے عنوانات کے ماتحت پہلے قرآن مجید کی آیات درج کی گئی ہیں اور پھر ان کی تشریح کے بعد کچھ فقہی احکام یا اس حکم کے اسرار و غوامص بیان کئے گئے ہیں زبان آسان اور انداز بیان دلچسپ و عام فہم ہے عام مسلمانوں کو نہ صرف اسے پڑھنا چاہیئے بلکہ ایک کاپی اپنے پاس رکھنی چاہیئے تاکہ ہر حکم متعلق انھیں بر وقت یہ معلوم ہو سکے کہ اسلام کا کون سا حکم قرآن مجید کی کس آیت پر مبنی ہے۔

زندگی کے سائے | از جناب بلال احمد مرحوم۔ تقطیع خورد ضخامت ۲۰۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد دو روپیہ۔ پتہ:۔ لاجپت رائے اینڈ سنز اردو بازار دہلی۔

یہ کتاب آٹھ افسانوں کا جو سماجی زندگی میں ترقی پسندانہ نقطۂ نظر کے حامل ہیں اور جو امریکہ کی مشہور ناول نویس خاتون پرل بک اور اٹلی کے مشہور صاحب قلم انگیز یو سلونے کے لکھے ہوئے ہیں۔ اردو ترجمہ ہے۔ زبان شگفتہ اور رواں ہے مترجم کا انتقال اٹھارہ برس کی عمر میں ہو گیا جب کہ ابھی مرحوم کا غنچۂ طفولیت چٹک کر جوانی کا پھول بنا تھا اس عمر میں یہ انداز نگارش اور ترجمہ کی یہ عمدہ صلاحیت اس بات کا ثبوت ہے کہ اگر مرحوم رہتے تو بے شبہ ادیبوں کی صف اول میں جگہ پاتے۔ یہ مجموعہ مترجم کی اس جوانمرگی کی یادگار کے طور پر شائع کیا گیا ہے اور امید ہے کہ اہل ذوق اس کی قدر کریں گے۔